بسم اللہ الرحمن الرحیم

کیا فرماتے ہیں مفتیانِ کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ:

سوال(۱)- زید نے نجاستِ غلیظہ کی شرعی مقدار سے زائد کے ساتھ (بھول کر) امامت کی، تو کیا اس نماز کی قضاء ضروری ہے؟ اگر ضروری ہے تو کیا مقتدیوں کو بھی بتانا ہوگا کہ اس نماز کی قضاء کریں؟

سوال(۲)- نجاستِ غلیظہ اور خفیفہ کون کون سی چیزیں ہیں؟

مستفتی: سیف اللہ وزیرستانی

فون: 03019879957

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب حامداً و مصلیاً

(۱)- واضح رہے کہ نجاست مانعہ عن الصلاۃ میں پڑھی گئی نماز فاسد ہے اور اس کی قضاء واجب ہے، اور امام (زید) پر لازم ہے کہ وہ مقتدیوں کو بھی بتادے تاکہ وہ بھی اپنی نماز کی قضاء کرلیں۔

(۲)- نجاست غلیظہ مندرجہ ذیل چیزیں ہیں:

انسانی جسم سے نکلنے والا خون، (مع حیض، نفاس، استحاضہ) پیشاب، پاخانہ، منی، مذی، ودی، پیپ، قیئ جو منہ بھر کر ہو، حرام جانوروں کا پیشاب، پاخانہ، دم مسفوح، (بہنے والا خون) خنزیر اور کتے کا جوٹھا، شراب۔

نجاست مخففہ مندرجہ ذیل چیزیں ہیں:

حلال جانوروں کا پیشاب، گوبر، گھوڑے کا پیشاب، حرام پرندوں کی بیٹ، خچر اور گدھے کا لعاب۔

لما في التنوير مع الدر:

"الشرط لغة العلامة اللازمة. وشرعا ما يتوقف عليه الشـــــيء =

جاری ہے---

Scanned with CamScanner

=ولا يدخل فيه (هي) ستة (طهارة بدنه) أي جسده لدخول الأطراف في الجسد دون البدن فليحفظ (من حدث) بنوعيه، وقدمه لأنه أغلظ (وخبث) مانع كذلك (وثوبه)" (كتاب الصلاة:باب شروط الصلاة:١/ ٩٠،٩١، طبع:دار المعرفة، بيروت، لبنان)

وفي التنويرمع الدرأيضاً:

"(و) يفسدها (سجوده على نجس)... (و) يفسدها (أداء ركن) حقيقة اتفاقا (أو تمكنه) منه بسنة، وهو قدر ثلاث تسبيحات (مع كشف عورة أو نجاسة) مانعة"(كتاب الصلاة:باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها:١/ ٤٦٦، طبع:دار المعرفة، بيروت)

وفي البحر الرائق:

"(هي طهارة بدنه من حدث وخبث وثوبه ومكانه) أما طهارة بدنه من الحدث فبآية الوضوء والغسل ومن الخبث فبقوله تنزهوا من البول فإن عامة عذاب القبر منه ولحديث فاطمة بنت أبي حبيش اغسلي عنك الدم وصلي والحدث مانعية شرعية قائمة بالأعضاء إلى غاية استعمال المزيل"

(كتاب الصلاة:باب شروط الصلاة:١/ ٤٦٢، ط:مكتبة رشيدية)

وفي المختصر للقدوري:

"ومن أصابه من النجاسة المغلظة كالدم والبول والغائط والخمر مقدار الدرهم فما دونه جازت الصلاة معه فإن زاد لم تجز وإن أصابته=

جاری ہے۔۔۔

Scanned with CamScanner

=نجاسة مخففة كبول ما يؤكل لحمه جازت الصلاة معه ما لم يبلغ ربع الثوب"(كتاب الطهارة:باب الأنجاس:ص:٦٠، ط:معهد عثمان بن عفـــان، كراتـــشي)

وفي التنويرمع الدر:

"(وإذا ظهر حدث إمامه) وكذا كل مفسد في رأي مقتد (بطلت فيلزم إعادتها) لتضمنها صلاة المؤتم صحة وفسادا (كما يلزم الإمام إخبار القوم إذا أمهم وهو محدث أو جنب) أو فاقد شرط أو ركن. وهل عليهم إعادتها إن عدلا، نعم وإلا ندبت"

(كتاب الصلاة:باب الإمامة:١/ ٤١٠،٤١١، ط:دار المعرفة، بيروت)

وفي البحر الرائق:

"(وعفي قدر الدرهم كعرض الكف من نجس مغلظ كالدم والبول والخمر وخرء الدجاج وبول ما لا يؤكل لحمه والروث والخثي) لأن ما لا يأخذه الطرف كوقع الذباب مخصوص من نص التطهر اتفاقا (وما دون ربع الثوب من مخفف كبول ما يؤكل والفرس وخرء طير لا يؤكل ودم السمـــك ولعاب البغل والحمار وبول انتضح كرءوس الإبـــر)"

(كتاب الطهارة:باب الأنجاس:١/ ٣٩٥...٤٠٥، ط:مكتبة رشيدية)فقط

والله تعالى أعلـــــم بالصواب

كتـــــــبه: عثـــمان غنـــي

المتخصص في الفقـــه الاسلامي

بالجامعـــــة الفاروقيـــة كراتشى

١٤٤٢/١٢/٢١هـ ٠١/ ٠٨/ ٢٠٢١م

الجواب صحيح

السميع

٢١/ ١٢/ ١٤٤٢

الجواب صحيح

٢١/ ١٢/ ١٤٤٢

Scanned with CamScanner